تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 13, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ اور فیزیکس والا کا، جامعہ میں سینٹر آف ایکسیلینس کے قیام کے امکانات پر غور وخوض

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سینٹر آف ایکسیلینس کے قیام کو لے کر مورخہ نو جنوری دو ہزار پچیس کو ایک اہم مثبت میٹنگ منعقد ہوئی۔عزت مآب جناب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ، ڈاکٹر ستیہ پرکاش (شیخ الجامعہ کے افسر بکار خاص) ریزیڈینشیل کوچنگ اکاڈمی کے پروفیسر انچارج اور جامعہ اسکولوں کے پرنسپلز کے ساتھ این ایس ڈی ایس کی مشترکہ پہل بھارت انٹرنیشنل گلوبل (بی آئی جی) کے سینئر مینجر جناب ستیم جندال اور تعلیمی ٹکنالوجی کمپنی فزیکس والا کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔مجوزہ پہل نویں اور گیارہویں جماعت کے طلبہ کے ساتھ ساتھ یو پی ایس سی سول سروسز کے تیاری کرنے والوں اور دیگر مقابلہ جاتی امتحانات کی تیاری میں مصروف امیدواروں کے لیے پاٹھ شالا ماڈل کلاسیں شروع کرنا چاہتی ہے۔

فزیکس والا نے، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ساجھیداری سے اپنے اسکولز آف ایکسیلینس میں ہائی برڈ ایجوکیشنل ماڈل (پاٹھ شالا۔دوٹیچر ماڈل) کے نفاذ کی تجویز پیش کی ہے۔اسٹیم ایجوکیشن اور صلاحیت سازی کے فروغ کے ساتھ جی ای، این ای ای ٹی اور این ڈی اے جیسے مقابلہ جاتی امتحانات کے لیے یہ پہل انفرادی ٹسٹ تیاری اور میٹورشپ پر زور دیتی ہے۔قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس کی روح سے ہم آہنگ اس ماڈل کا مقصد طلبہ کی مختلف تعلیمی اور پیشہ وارنہ ضرورتوں کی تکمیل کرنا ہے۔

یہ میٹنگ جامعہ اسکول کے طلبہ اور یو پی ایس سی اور دیگر مقابلہ جاتی امتحانات کی تیاری کرنے والے امیدواروں کے فائدے کے لیے ہائی برڈ ایجوکیشن ماڈل پر عمل آوری کے اہم اجزا پر مرکوز تھی۔

تعلیمی اور پیشہ ورانہ اہداف کے حصول کے لیے اشتراکی کوششوں کی اہمیت پر زور دینے کے ساتھ شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ اسکول اور یونیورسٹی کے طلبہ کے لیے سستی، عمدہ اور اعلی معیاری تعلیم کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی